صحت کی جانچ (اسکریننگ) سوالنامہ

محکمئہ تعلیم کے تمام طلبا، عملہ اور ملاقاتیوں کے لیے محکمئہ تعلیم کی عمارتوں میں داخل ہونے سے پہلے ایک صحت کی جانچ مکمل کرنا لازمی ہے۔ صحت کی یہ جانچ آمد کے ہر روز مکمل کرنا لازمی ہے۔ صحت کی یہ جانچ یہاں آن لائن بھی مکمل کی جا سکتی ہے: https://healthscreening.schools.nyc/ اس عمارت میں داخل ہونے پر، اگر آپ نے آن لائن صحت کا فارم مکمل نہیں کیا ہے آپ سے ذیل کے سوالات کے جوابات فراہم کرنے کا کہا جائے گا۔ بطور ایک یاددہانی، محکمئہ تعلیم کے تمام ملازمین کو ہماری اسکول عمارتوں میں داخل ہونے کے لیے COVID-19 کے خلاف ویکسین شدہ ہونا لازمی ہے۔

7 مارچ سے شروع، چہرے کے ماسک اب لازمی نہیں ہیں اور محکمئہ تعلیم کی املاک پر ہونے کے دوران زیادہ تر طلبا، عملے، اور ملاقاتیوں کے لیے اختیاری ہیں۔ وہ طلبا جو کم از کم دو سال کے ہیں اور LYFE، ارلی لرن، (نوزائیدہ اور نونہال)،K-3 ، پری کنڈرگارٹن اور 4410 کلاس رومز میں مندرج ہیں، اور ان کلاس رومز میں عملہ، اندر ہوتے ہوئے چہرے کا ماسک پہننا جاری رکھیں گے۔

مختصر علیحدگی یا کوارنٹین کے دورانیے کے بعد واپس آنے والے وہ بچے جو کم از کم دو سال کے ہیں انہیں چھٹے (6) دن سے دسویں (10) دن تک درست فِٹ ہوا چہرے کا ماسک لازمی لگانا ہوگا، جیسے کہ KF95،KN94 ، یا ایک کپڑے کے ماسک کی نیچے ایک سرجیکل ماسک۔ اگر کوئی فرد اسکول دن کے دوران ایک صحیح طور پر پہنا ہوا چہرے کا ماسک نہ لگا سکتا ہو، ایسے فرد کو علیحدگی جاری رکھنا چاہئیے اور کوارنٹین کے پورے 10 دن مکمل کرنے چاہئیں۔

1. کیا آپ اس جانچ کو ایک ایسے طالب علم کے لیے مکمل کر رہے ہیں جو کنڈرگارٹن کی عمر سے کم ہے؟
   - ❑ جی ہاں۔ میں یہ جانچ کو ایک LYFE، ارلی لرن، (نوزائیدہ اور نونہال)،K-3 ، پری کنڈرگارٹن یا 4410 طالب علم کے لیے مکمل کررہا ہوں۔ "پری اسکول اور کم عمر" سوالات پر جائیں۔
   - ❑ جی نہیں۔ "اسکول کی عمر کے طلبا، عملہ، اور ملاقاتیوں" کے سوالات پر جائیں۔

پری اسکول اور کم عمر کے لیے سوالات

1. کیا آپ کے بچے کو COVID-19 کی کسی علامات کا تجربہ ہوا ہے، بشمول 100.0 ڈگری F یا اس سے زیادہ بخار ، کھانسی، گلے میں سوزش، ذائقہ یا سونگھنے کے احساس کا ختم ہو جانا، یا سانس لینے میں دشواری جس کا آغاز پچھلے 10 دنوں میں ہوا ہو؟
   - ❑ جی نہیں۔ اگلے سوال پر جائیں۔
   - ❑ جی ہاں، اور علامات کے آغاز ہونے کے بعد اسکا ایک صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کا کیا ہوا ایک COVID-19 تشخیصی ٹیسٹ کا نتیجہ منفی آیا ہے، انکی علامات میں بہتری آ رہی ہے اور انہیں پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران بغیر بخار کم کرنے کی دوائی کے استعمال کے بخار نہیں ہے۔ اگر میرا بچہ کم از کم دو سال کا ہے، وہ 10 دن تک چہرہ پر درست فِٹ ہوا ماسک پہنیں گے۔ اگلے سوال پر جائیں۔
   - ❑ جی ہاں، اور وہ کم از کم دو سال کے ہیں اور انکا علامات کے آغاز سے اور کم از کم پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران لیے گئے دو گھریلو ٹیسٹس کا نتیجہ منفی آیا ہے، انکی علامات میں بہتری آ رہی ہے اور انہیں پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران بغیر بخار کم کرنے کی دوائی کے استعمال کے بخار نہیں ہے۔ اگر میرا بچہ کم از کم دو سال کا ہے، وہ 10 دن تک چہرہ پر درست فِٹ ہوا ماسک پہنیں گے۔ اگلے سوال پر جائیں۔
   - ❑ جی ہاں، پچھلے 90 کے دوران، انکا ایک COVID-19 تشخیصی ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا تھا، اور صحتیاب ہو گیا ہے۔ انکی حالیہ علامات میں بہتری آ رہی ہے اور انہیں پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران بغیر بخار کم کرنے کی دوائی کے استعمال کے بخار نہیں ہے۔ یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
   - ❑ جی ہاں ، اور یہ مذکورہ بالا زمروں میں نہیں ہے۔ مزید کوئی اور جانچ درکار نہیں ہے۔ یہ فرد عمارت میں داخل نہیں ہوسکتا۔

2. پچھلے دس دنوں میں، کیا آپکے بچے کا ایک COVID-19 تشخیصی ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا ہے؟
   - ❑ جی نہیں۔ اگلے سوال پر جائیں۔
   - ❑ جی ہاں، پچھلے 90 دن کے دوران، انکا ایک COVID-19 تشخیصی ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا تھا، اور صحتیاب ہو گیا ہے۔ یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
   - ❑ جی ہاں، ان کے اولین علامات کا آغاز ہوئے پورے 10 دن ہو چکے ہیں، انکی علامات میں بہتری آ رہی ہے، اور انہیں پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران بغیر بخار کم کرنے کی دوائی کے استعمال کے بخار نہیں ہے۔ یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
   - ❑ جی ہاں ، اور یہ مذکورہ بالا زمروں میں نہیں ہے۔ مزید کوئی اور جانچ درکار نہیں ہے۔ یہ فرد عمارت میں داخل نہیں ہوسکتا۔

پچھلے دس دنوں میں، آپکی بہترین معلومات کے مطابق، کیا آپ کا بچہ کسی ایسے فرد کے ساتھ ایک کلاس روم میں رہا ہے، یا قریبی رابطے میں رہا ہے جسے COVID-19 ہو؟ "قریبی رابطے" کا مطلب ہے کہ کسی ایسے فرد کے ساتھ پچھلے 24 گھنٹوں کے اندر 6 فٹ سے کم فاصلے پر کم از کم 15 منٹ تک رہا ہو جسکا COVID-19 ٹیسٹ مثبت آیا ہو۔

- ❑ جی نہیں۔ یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
- ❑ جی ہاں، اور یہ کم **از کم دو سال کے ہیں** اور ایک پانچ دن کا کوارنٹین مکمل کر لیا ہے (جہاں کوارنٹین کا پہلا دن اس فرد سے آخری قریبی رابطے میں رہنے کے ایک دن بعد کا دن ہے جسے COVID-19 ہے)۔ ان میں علامات نہیں ہیں اورایک صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کا انکا تشخیصی جانچ استعمال کرتے ہوئے کوارنٹین کے پانچویں دن کا ٹیسٹ منفی آیا ہے یا کوارنٹین کے چوتھے اور پانچویں دن گھریلو ٹیسٹ کا استعمال کرتے ہوئے نتیجہ منفی آیا ہے۔ وہ 10 دن تک چہرہ پر درست فِٹ ہوا ماسک پہنیں گے۔ یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
- ❑ جی ہاں، اور یہ **دو سال سے کم عمر ہیں** اور ایک سات دن کا کوارنٹین مکمل کر لیا ہے (جہاں کوارنٹین کا پہلا دن اس فرد سے جسے COVID-19 ہے آخری قریبی رابطے میں رہنے کے ایک دن بعد کا دن ہے). ان میں علامات نہیں ہیں اورایک صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کا تشخیصی جانچ استعمال کرتے ہوئے انکا کوارنٹین کے پانچویں دن کا ٹیسٹ منفی آیا ہے. یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
- ❑ جی ہاں، پچھلے 90 کے دوران، انکا ایک COVID-19 تشخیصی ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا تھا، اور صحتیاب ہو گئے ہیں اور انکے حالیہ قریبی رابطے میں آنے کے بعد کوئی نئی علامات نہیں ہیں۔ یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
- ❑ جی، ہاں اور یہ COVID-19 کے خلاف مکمل ویکسین شدہ ہوں۔ یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
- ❑ جی ہاں ، اور یہ مذکورہ بالا زمروں میں نہیں ہے۔ یہ فرد عمارت میں داخل نہیں ہوسکتا۔

کنڈرگارٹن یا اوپر گریڈ کے طلبا، عملہ اور ملاقاتی

1. کیا آپ کو COVID-19 کی کسی علامات کا تجربہ ہوا ہے، بشمول 100.0 ڈگری F یا اس سے زیادہ بخار، کھانسی، گلے میں سوزش، ذائقہ یا سونگھنے کے احساس کا ختم ہو جانا، یا سانس لینے میں دشواری جس کا آغاز پچھلے پانچ دنوں میں ہوا ہو؟
   - ❑ جی نہیں۔ اگلے سوال پر جائیں۔
   - ❑ جی ہاں، میرا ایک صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کا کیا گیا COVID-19 کا تشخیصی ٹیسٹ کا نتیجہ منفی آیا ہے۔ میری علامات میں بہتری آ رہی ہے اور مجھے پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران بغیر بخار کم کرنے کی دوائی کے استعمال کے بخار نہیں ہے۔ میں 10 دن تک چہرہ پر درست فِٹ ہوا ماسک پہنوں گا۔ اگلے سوال پر جائیں۔
   - ❑ جی ہاں، اورعلامات ظاہر ہونے کے بعد میرے پچھلے 24 گھنٹوں کے وقفے سے دو گھریلو ٹیسٹ میں نتائج منفی آئے ہیں۔ میری علامات میں بہتری آ رہی ہے اور مجھے پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران بغیر بخار کم کرنے کی دوائی کے استعمال کے بخار نہیں ہے۔ میں 10 دن تک چہرہ پر درست فِٹ ہوا ماسک پہنوں گا۔ اگلے سوال پر جائیں۔
   - ❑ جی ہاں، اور میں پانچ دن علیحدگی اختیار کرنے کے بعد واپس آ رہا ہوں۔ میری علامات میں بہتری آ رہی ہے اور مجھے پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران بغیر بخار کم کرنے کی دوائی کے استعمال کے بخار نہیں ہے۔ میں 10 دن تک چہرہ پر درست فِٹ ہوا ماسک پہنوں گا۔ اگلے سوال پر جائیں۔
   - ❑ جی ہاں، پچھلے 90 کے دوران، میرا ایک COVID-19 تشخیصی ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا تھا، اور صحتیاب ہو گیا ہوں۔ میری علامات میں بہتری آ رہی ہے اور مجھے پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران بغیر بخار کم کرنے کی دوائی کے استعمال کے بخار نہیں ہے۔ اگلے سوال پر جائیں۔
   - ❑ جی ہاں ، اور میں مذکورہ بالا زمروں میں نہیں ہوں۔ مزید کوئی اور جانچ درکار نہیں ہے۔ یہ فرد عمارت میں داخل نہیں ہوسکتا۔

2. پچھلے پانچ دنوں میں، کیا آپکے ایک COVID-19 تشخیصی ٹیسٹ کا مثبت نتیجہ آیا ہے؟
   - ❑ جی نہیں۔ اگلے سوال پر جائیں۔
   - ❑ جی ہاں، اور میں پانچ دن علیحدگی اختیار کرنے کے بعد جب سے میری علامات کا آغاز ہوا ہے یا اگر غیر علامتی ہوں، جب سے میرا ٹیسٹ کیا گیا واپس آ رہا ہوں۔ مجھ میں علامات نہیں ہیں یا میری علامات میں بہتری آ رہی ہے اور مجھے پچھلے 24 گھنٹوں کے دوران بغیر بخار کم کرنے کی دوائی کے استعمال کے بخار نہیں ہے۔ میں 10 دن تک چہرہ پر درست فِٹ ہوا ماسک پہنوں گا۔ اگلے سوال پر جائیں۔
   - ❑ جی ہاں، پچھلے 90 کے دوران، میرا ایک COVID-19 تشخیصی ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا تھا، اور صحتیاب ہو گیا ہوں۔ یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
   - ❑ جی ہاں ، اور میں مذکورہ بالا زمروں میں نہیں ہوں۔ مزید کوئی اور جانچ درکار نہیں ہے۔ یہ فرد عمارت میں داخل نہیں ہوسکتا۔

3. پچھلے پانچ دنوں میں، آپکی بہترین معلومات کے مطابق، کیا آپ کا بچہ کسی ایسے فرد کے ساتھ ایک کلاس روم میں رہا ہے، یا قریبی رابطے میں رہا ہے جسے COVID-19 ہو؟ "قریبی رابطے" کا مطلب ہے کہ کسی ایسے فرد کے ساتھ پچھلے 24 گھنٹوں کے اندر 6 فٹ سے کم فاصلے پر کم از کم 15 منٹ تک رہا ہو جسکا COVID-19 ٹیسٹ مثبت آیا ہو۔

- ❑ جی نہیں۔ یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
- ❑ جی، ہاں اور میں COVID-19 کے خلاف مکمل ویکسین شدہ ہوں۔ یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
- ❑ جی ہاں، میرا اسکول میں سامنا ہوا تھا، اور میں محکمئہ تعلیم کی فراہم کردہ COVID-19 گھر کے لیے ٹیسٹ (ٹیسٹس) لے رہا ہوں اور ان ٹیسٹس میں مثبت نتیجہ **نہیں** آیا ہے۔ میں 10 دن تک چہرہ پر درست فِٹ ہوا ماسک پہنوں گا، اور اگر میرا ٹیسٹ مثبت آیا، میں علیحدہ رہنا شروع کرونگا۔ یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
- ❑ جی ہاں، میرا اسکول میں سامنا ہوا تھا، لیکن مجھے گھر کے لیے ایک ٹیسٹ کِٹ نہیں ملی ہے۔ براہِ مہربانی یقینی بنانے کے لیے اسکول سے رابطہ کریں کہ آپکو آج گھر کے لیے ٹیسٹ کِٹ مل جائے۔ میں 10 دن تک ایک چہرہ پر درست فِٹ ہوا ماسک پہنوں گا، اور اگر میرا ٹیسٹ مثبت آیا، میں علیحدہ رہنا شروع کرونگا۔ یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
- ❑ جی ہاں، پچھلے 90 کے دوران، میرا COVID-19 تشخیصی ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا تھا، اور صحتیاب ہو گیا ہوں اور حالیہ سامنا ہونے کے بعد کوئی نئی علامات نہیں ہیں۔ یہ فرد عمارت میں داخل ہوسکتا ہے۔
- ❑ جی ہاں ، اور میں مذکورہ بالا زمروں میں نہیں ہوں۔ یہ فرد عمارت میں داخل نہیں ہوسکتا۔

صحت کی اس جانچ کا مقصد پیشہ ورانہ طبی مشورے، تشخیص، یا علاج کا متبادل ہونا نہیں ہے۔ ایک طبی صورتِ حال کے بارے میں اپنے کسی بھی سوالات کے لیے ہمیشہ ایک صحت کے اہل فراہم کنندہ کا مشورہ لیں۔ صحت کی جانچ کے نتائج کا جائزہ سہولیات تک رسائی کے واحد مقصد کے لیے لیا جائے گا اور رازداری برقرار رکھی جائے گی۔

نیویارک شہر محکمئہ صحت بدلتے ہوئے حالات کے مطابق تجاویز کو تبدیل کر سکتا ہے۔ **7 مارچ، 2022**